قومی اسمبلی

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہٗ

کے

سوالات

اور وزراء کے

جوابات

غیر مسلم اقلیتی سرگرمیاں
سوالات اور جوابات دونوں دعوت فکر دے رہے ہیں۔

★

سوال نمبر ۵۴۶ ۔ مورخہ ۷ جولائی ۱۹۸۰ء۔ کیا وزیر اقلیتی امور ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ امر واقع ہے کہ پاکستان میں عیسائی مشنری ادارے مسلمانوں کو منظم طریقے سے عیسائی بنا رہے ہیں ——؟

(ب) آیا یہ امر واقع ہے کہ ارتداد کے پرچار کی بدولت عیسائی بننے والے مسلمانوں کی تعداد میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے۔؟

(پ) آیا یہ امر واقع ہے کہ مشنری سکول، کالج، گرجے اور تمام دیگر عیسائی ادارے مسلمانوں کو عیسائی بنانے کے لئے روپیہ، جائیداد یا ملازمت کی پیش کش کر رہے ہیں۔؟

(ت) کیا حکومت ایسے ملکی یا غیر ملکی مشنری اداروں پر کڑی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔

جواب :— وزیر اقلیتی امور و سیاحت —— (الف) حکومت کو علم ہے کہ ہر عقیدے کے مشنری ادارے عام طور پر اپنے اپنے عقیدہ کا پرچار کرتے ہیں۔ حکومت کو تاہم یہ یقین کرنے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ مسلمانوں کے مرتد ہو کر عیسائی ہونے کے کافی واقعات ظہور پذیر ہو رہے ہیں صوبائی حکومتوں سے معلومات کرنے پر پتہ چلا ہے کہ ایک عقیدہ کی بجائے دوسرا عقیدہ اختیار کرنے کے واقعات کا کوئی ریکارڈ نہیں رکھا جاتا۔ اور اسلام چھوڑ کر عیسائیت اختیار کرنے کا کوئی واقعہ صوبائی حکومتوں کے علم میں نہیں آیا۔ بجز بلوچستان کے جہاں گذشتہ چار سال کے عرصہ میں ایسے چار واقعات ہونے کا علم ہوا ہے۔

(ب) حکومت کے علم کے مطابق ایسا نہیں ہو رہا ہے۔

(پ) ایسا کوئی واقعہ حکومت کے علم میں نہیں آیا۔

باقی ص ۲۵ پر

قومی اسمبلی
میں
شیخ الحدیث مولانا
عبدالحق
کے
مسترد شدہ سوالات

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کے کئی اہم سوالات مسترد کردئے جن میں سے بعض یہ ہیں۔ (ادارہ)

سر ظفر اللہ اور بنگلہ دیش | کیا متعلقہ وزیر ارشاد فرمائیں گے کہ :

۱۔ کیا یہ صحیح ہے کہ پاکستان نے سر ظفر اللہ کو عالمی عدالت میں بنگلہ دیش کے قیدیوں کے مسئلہ میں ایڈھاک جج مقرر کیا ہے۔ ؟

۲۔ کیا سر ظفر اللہ پاکستان کے مسلمانوں کی غیر پسندیدہ شخصیت نہیں۔ ؟

۳۔ بنگلہ دیش کے قیام سر ظفر اللہ کی جماعت کے کردار کے بارہ میں افواہوں اور چہ میگوئیوں کا حکومت کو علم ہے۔ ؟

۴۔ کیا یہ صحیح ہے کہ مشرقی پاکستان کے عوام ظفر اللہ کی جماعت کو دونوں حصوں میں نفرت پیدا کرنے کا بنیادی سبب سمجھتے ہیں۔ ؟

۵۔ کیا ظفر اللہ جیسی متنازعہ شخصیت کی متبادل کوئی متفقہ شخصیت ایسے نازک مقدمہ کیلئے نہیں مل سکتی تھی۔ ؟

تعطیل جمعہ | کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ قومی اسمبلی نے تعطیل جمعہ سے متعلق کوئی قرارداد ضمنی کمیٹی کے سپرد کی ہے۔ ؟

۲۔ اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا اس کی میعاد بڑھا دی گئی تھی۔ ؟ اس کمیٹی کی اب تک کارکردگی کیا ہے؟

۳۔ اور کیا وہ کمیٹی کسی متفقہ فیصلہ پر پہنچ سکی ہے۔ ؟

۴۔ کمیٹی کب تک اپنا فیصلہ دے گی۔ ؟

غیر ملکی فلمیں اور زرمبادلہ | ۱۔ کیا مرکزی وزیر اطلاعات و فلم بتائیں گے کہ موجودہ حکومت نے غیر ملکی فلموں

کی درآمد پر کتنا زرِ مبادلہ خرچ کیا۔؟

۲- اور بیرونِ ملک پاکستانی فلموں کی نمائش سے کتنا زرِ مبادلہ کمایا؟

قرارداد اقلیت آزاد کشمیر | ۱- کیا وزیرِ داخلہ وضاحت فرمائیں گے کہ کیا حکومت کو قادیانیت کو اقلیت قرار دینے کے بارہ میں آزاد کشمیر اسمبلی کی قرارداد کا علم ہے۔؟

۲- کیا یہ صحیح ہے کہ پاکستان کے عام مسلمانوں نے اس قرارداد کو سراہا اور آزاد کشمیر اسمبلی کو پُرجوش تحسین اور مبارکباد پیش کی۔؟

۳- کیا مرکزی حکومت پاکستان سے بھی اس طرح اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت اس بارہ میں کیا غور کر رہی ہے؟

۴- یہ اخباری افواہیں کہاں تک صحیح ہیں کہ مرکزی حکومت کے ایک وزیر نے صدر آزاد کشمیر کو یہ قرارداد واپس لینے کے مشورے دئے۔؟

جشنِ آئین اور شراب نوشی | ۱- کیا وزیرِ قانون و پارلیمانی امور وضاحت فرمائیں گے کہ کیا یہ صحیح ہے کہ پاکستان میں سرکاری سطح پر منائے جانے والے جشنِ آئین کی تقریبات میں شراب نوشی، ناؤ نوشی، رقص و سرود اور بے حجابانہ مناظر کا مظاہرہ ہوا۔؟

۲- کیا ان باتوں سے آئین کا اسلامی تقدس اور عظمت پامال نہیں ہوئی۔؟

۳- اگر یہ صحیح ہے تو حکومت نے ایسے امور کے انسداد کے لئے کیا کچھ کیا۔؟

وزارت امور خارجہ | ۱- کیا سری لنکا کے پاکستانی سفارتخانے نے جشنِ آئین کی کوئی تقریب منائی تھی۔۔۔؟

۲- کیا یہ صحیح ہے کہ اس میں شراب پیش کی گئی اور مسلمان شرکاء نے اس پر شدید احتجاج کیا۔۔؟ اور کیا یہ صحیح ہے کہ وہاں کے اخبارات میں ایک اسلامی ملک کے اسلامی آئین کے متعلق تقریب کے اس غیر اسلامی حرکت کی شدید مذمت کی گئی تھی۔؟

۳- اگر ایسا ہے تو حکومت نے اس کے تدارک کیلئے کیا اقدامات کئے۔؟

بقیہ تقریر | نمازیں پڑھیں حج کیا مگر مسلمانوں کو لڑایا تم نے تم زبان سے ایسی باتیں نکالتے ہو جیسے بچھو ڈنگ مارتا ہے اور ایک شخص آئے گا کہ نمازیں کم ہوں گی ڈر میں ہوگا حکم ملے گا کہ جاؤ اسے جنت میں اب وہ بیچارہ حیران ہوگا کہ میں تو بڑا مجرم اور قصوروار ہوں یہ کیا معاملہ فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ تم نے مسلمانوں میں مصالحت کی کوشش کی۔ آج ہر ایک بچھو بنا ہوا ہے۔ دلوں میں بے چینی اسی وجہ سے ہے۔ دعا فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صحابہ کرام کے نقشِ قدم پر چلا کر آپس میں مشفق کر دے۔ آمین۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔